اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں گناہ اور قرض سے
ایک شخص نے آپ ﷺ سے پوچھا یارسول اللہ! کیا وجہ ہے کہ آپ اکثر قرض سے پناہ مانگتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ آدمی جب مقروض ہوتا ہے کہ تو اس کا حال یہ ہوجاتا ہے کہ جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے اور جب وعدہ کرتا ہے تو اس کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ (بخاری)

قرض کا خوف دلانے کے لئے آپ کا معمول یہ تھا کہ آپ مقروض کی نماز جنازہ نہیں پڑھتے تھے۔
چنانچہ آپ ﷺ نے ایک حدیث میں فرمایا:
"شہید کا ہر گناہ معاف ہوجاتا ہے سوائے قرض کے۔ (مسلم)

یہ تھیں کاروبار اور تجارت کے بارہ میں اسلام کی چند تعلیمات جن کو اجمالی طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ہر مسلمان تاجر کے لئے یہ ضروری ہے کہ تجارت کرتے وقت اسلام کی ان تعلیمات کو ذہن میں رکھے اور ان پر عمل کرے۔

ادارہ

مسافرینِ آخرت

مجلس احرار اسلام حاصل پور کے امیر اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن جناب حاجی محمد اشرف صاحب کے والد ماجد جناب حاجی میاں نذیر احمد صاحب ۲۸ شوال ۱۴۱۵ھ، ۳۰ مارچ ۱۹۹۵ء بروز جمعرات رحلت فرما گئے۔ مرحوم عرصہ دراز سے امراضِ سینہ میں مبتلا تھے۔ وہ ایک صلح اور خلیق انسان تھے۔ آخری وقت تک صوم و صلوٰۃ اور تلاوت قرآن کریم کی نعمت سے سرفراز رہے۔

- لاہور میں ہمارے محترم کرم فرما جناب قاری عبدالقیوم صاحب (مہتمم جامعہ صدیقیہ) کے چھوٹے بھائی قاری عبدالعزیز صاحب گزشتہ ماہ انتقال فرما گئے۔
- چک نمبر ۱۰۹-۱۲ ایل، چیچا وطنی کے سابق احرار کارکن جناب محمد شریف راعی کی اہلیہ اور ہمارے دوست محترم کفایت اللہ صاحب کی ممانی صاحبہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔

ہمارے کرم فرما بھائی محمد رمضان صاحب (لال دین خیر دین فرم ملتان) کی ہمشیر صاحبہ گذشتہ دنوں انتقال فرما گئی ہیں۔
مجلس احرار اسلام گڑھا موڑ کے رکن جناب صوفی محمد یوسف صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔
جلال پور پیر والہ سے نقیب کے قاری اور ادارہ کے معاون جناب شبیر احمد سعید صاحب اور قاری نذیر احمد صاحب کے چچازاد محمد سلیم اختر گزشتہ ماہ اچانک انتقال کر گئے۔
اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا گو ہیں اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ مرحومین کے لئے خاص طور پر دعاؤں کا اہتمام فرمائیں۔